© rasailojaraid.com



۵۔ مولانا عبدالرشید صدیقی مدیر التعلیم ۶۔ مولانا محمد ابراھیم خان نائب مدیر تعلیم

۷۔ مولانا ثناءاللہ سالک ناظم مالیات

## آئین کے بعض نقاط:

اس آئین میں اغراض ومقاصد' دفعات' حلقہ بندی' طریقہ انتخاب' مدت عمل' الگ الگ عہدوں کی وضاحت' ذمہ داریاں اور حدود بیان کیے گئے ہیں۔اس کی بعض جھلکیاں یہ ہیں۔

۱۔ جماعت کا تنظیمی نام ''جمعیت اہل حدیث بلتستان'' ہوگا۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کے احکام' کتاب وسنت کے مطابق بجالانا اور جماعتی زندگی میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احکامات کو بجالانے کے لیئے درج ذیل دفعات' تنظیمی امور' تعلیمی امور معاشرتی وتعلقات باہمی' معاشی ومالی اور کارگزاری واحتسابی امور پر پابندی کے لیے کوشش کرنا۔

۳۔ شوریٰ کا رکن دیندار' متشرع' پابندی صوم وصلوٰۃ ہونا ضروری ہے اور منکر شریعت' سودی کاروبار میں ملوث' مرتکب کبیرہ اور نشہ باز رکن بننے کا اہل نہیں ہے۔

۴۔ دونوں مجالس کی مدت عمل پانچ سال ہوگی۔

۵۔ دونوں مجالس اور انتظامی باڈی میں مندرجہ ذیل عہدیدار ہوں گے۔
رئیس مجلس شوریٰ (امیر جمعیت اہل حدیث)' رئیس مجلس عاملہ' ناظم اعلیٰ' ناظم تعلیمات' ناظم مالیات، یہ سب مجلس شوریٰ کے ممبران ہی میں سے ہوں گے۔

۶۔ مجلس شوریٰ کا اجلاس ہر چھ ماہ بعد اور مجلس عمل کا ہر تین ماہ بعد ادا کرے گا۔

۷۔ ''انجمن اسلامیہ بلتستان'' اپنا کام جارے رکھا گا۔ یہ شعبہ اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے اندرون بلتستان سے چندہ وصول کرسکے گا لیکن اسے جمعیت اہل حدیث کے فلاحی سرمایہ سے کوئی تعلق نہ ہوگا۔

۸۔ محاسبہ کمیٹی' حسابات کی چیکنگ کی ذمہ دار ہوگی۔

۹۔ ہر حلقہ کی مقامی جماعت مرکز کے لیے حسب ضابطہ نمائندہ دے گی۔

۱۰۔ مسلسل تین غیر حاضریوں کے بعد ممبر کی رکنیت معطل ہوگی۔

(جاری ہے)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قسط / ۷

# تاریخ جموں و کشمیر

عبدالوہاب خان

13-3-64 جموں و کشمیر کانفرنس نے خطہ متارکہ جنگ توڑنے کے لئے ابتدائی تیاریاں شروع کر دیں

17-3-64 ہم پاکستانی حصہ کشمیر پر ضرور حملہ کریں گے۔ پنڈت نہرو

18-3-64 ہم بھارتی حملے کا ضرور جواب دیں گے۔ KH خورشید صدر آزاد کشمیر

25-3-64 بھارتی فوج نے آزاد کشمیر کے 29 دیہاتیوں کو شہید کر دیا

7-4-64 اقلیتوں کے مسئلے پر نئی دھلی میں پاک بھارت وزرائے داخلہ کی کانفرنس جاری رہی
بھارت سے مسلمانوں کا اخراج بند کیا جائے۔ پاکستان وزیر داخلہ کا مطالبہ

8-4-64 پاکستان میں شیخ عبداللہ کی رہائی کا خیر مقدم کیا گیا۔

19-4-64 اگر شیخ عبداللہ کو پھر گرفتار کیا گیا تو ساری دنیا کے امن کو خطرہ ہوگا۔ چوہدری غلام عباس

20-4-64 خطہ متارکہ جنگ کے دونوں طرف کشمیری حق خود ارادیت کا مطالبہ کر رہے ہیں اقوام متحدہ کے سیکرٹری سیاست ڈاکٹر رالف بنچ

24-4-64 کشمیریوں کا مقدمہ لڑنے نئی دھلی جا رہا ہوں۔ شیخ عبداللہ

29-4-64 مسئلہ کشمیر پر پنڈت نہرو اور شیخ عبداللہ کے درمیان مذاکرات شروع ہوئے۔

1-5-64 حکومت پاکستان نے کشمیر میں اقوام متحدہ کے مبصر کو بھارتی خلاف ورزیوں کے بارے میں بتایا۔

3-5-64 پاکستان کی رضامندی کے بغیر مسئلہ کشمیر حل نہیں ہوگا۔ شیخ عبداللہ

4-5-64 بھارت مخالف مظاہروں کی وجہ سے مقبوضہ کشمیریوں کے سرحدی علاقوں میں کرفیو لگایا گیا۔

6-5-64 مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے اقوام متحدہ شیخ عبداللہ کو سلامتی کونسل کے اجلاس میں شرکت کی اجازت دے (پاکستان)

9-5-64 ہم کشمیر کو آزاد کروا کر ہی دم لیں گے۔ لاہور میں پاکستان کشمیر کمیٹی کا اجلاس

10-5-64 کشمیر کے الحاق پر ہم کسی سے کوئی بات نہیں کریں گے۔ بھارت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



19-5-64 سلامتی کونسل میں مسئلہ کشمیر پر بحث ملتوی

بھارت نے آزاد کشمیر کے سرحدی گاؤں پر حملہ کر کے 4 دیہاتیوں کو شہید کر دیا۔

24-5-64 شیخ محمد عبداللہ نے پاکستان کا پہلا دورہ کیا۔ شاندار استقبال کیا گیا۔ صدر ایوب سے ملاقات کی۔

26-5-64 ایوب خان اور شیخ عبداللہ کے مابین بات چیت کا پہلا مرحلہ ختم ہوا جس کے نتیجے میں ایوب خان اس مسئلہ پر نہرو سے ملاقات پر آمادہ ہو گئے۔

27-5-64 پنڈت نہرو کی اچانک ہلاکت کی وجہ سے شیخ عبداللہ فورا بھارت روانہ ہوئے حکومت پاکستان نے قومی پرچم سرنگوں کرنے کا فیصلہ کیا۔

31-5-64 مسئلہ کشمیر کے حل کے طور پر پاکستان اور بھارت کے مابین وناق کی تجویز قبول نہیں۔ صدر ایوب

22-5-64 مجاہدین آزاد کشمیر نے 100 کے قریب بھارتی فوجوں کو ہلاک وزخمی کر دیا۔

2-7-64 بھارت جنگ بندی لائن پر ہلاک ہونے والوں کو دیت ادا کرے (حکومت پاکستان)

6-7-64 آزاد کشمیر میں بھارتی حملے سے 4 افراد ہلاک

10-8-64 پاکستان فضائی حدود کی خلاف ورزی کرنے پر بھارتی طیارے کو لاہور اتار لیا گیا۔

28-8-64 بھارت کے ساتھ جھڑپ میں 3 پاکستانی فوجی شہید

2-9-64 ریاستی کونسل آزاد کشمیر نے 1,30,00,000 روپے کے تیسرے پنج سالہ منصوبے کی منظوری دی۔

8-10-64 مجاہدین آزاد کشمیر نے بھارتی حملہ ناکام کر دیا

09-01-1965 بھارت کی کانگریس پارٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کشمیر میں مقامی حکومت کی ناکامی کی صورت میں اسے بھارت کا حصہ قرار دے کر مرکزی حکومت کے تابع کر دیا جائے۔

05-2-1965 شیخ عبداللہ حج پر گیا۔ عید کے دن کشمیریوں نے صادق کے خلاف مظاہرے کیے۔

8-02-65 چین نے پاکستان کو 6,00,00,000 ڈالر قرضہ دینے کا وعدہ کیا۔

24-02-65 روس نے پاکستان کو 5,00,00,000 ڈالر قرضہ دینے کا وعدہ کیا۔

02-04-65 ایوب خان 8 روزہ دورے پر روس گیا، اس دورے کو پاکستان اور روس کے مابین دوستی کا نیا دور قرار دیا گیا۔

05-04-65 انڈیا نے شیخ عبداللہ کے سفری دستاویزات منسوخ کر کے اسے مجوزہ دورہ منسوخ کرنے پر مجبور کر دیا۔

07-04-65 روس اور پاکستان میں اقتصادی، تجارتی اور ثقافتی معاہدہ ہوا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شیخ عبداللہ نے 15 جنوری کو احتجاج کا فیصلہ کیا۔

| | |
|---|---|
| 09-04-65 | رن کچھ پر ناجائز قبضہ نہ چھوڑنے کی وجہ سے پاک بھارت جنگ 30 اپریل تک جاری رہی۔ |
| 10-04-65 | ایوب خان کے دورے کے بعد روس نے کشمیر کی حق خود ارادیت کی مکمل حمایت کا اعلان کیا۔ |
| 04-05-65 | چین نے رن کچھ کے معاملے میں پاکستانی موقف کی مکمل حمایت کا اعلان کیا۔ |
| 08-05-65 | شیخ عبداللہ اور مرزا افضل بیگ دہلی واپس آئے، انہیں گرفتار کیا گیا۔ سری نگر میں احتجاجی مظاہرے ہوئے پولیس کی فائرنگ سے 18 افراد ہلاک ہوئے اور سری نگر فوجی تحویل میں دیا گیا۔ احتجاج کے دوران 20 ہلاک 300 زخمی ہوئے اور 200 قید کیے گئے۔ |
| 17-05-65 | بارہ مولا میں کشمیری حریت پسندوں پر فائرنگ سے 10 ہلاک۔ |
| 19-05-65 | مظفر آباد اور راولاکوٹ پر بھارتی حملہ پسپا کر دیا گیا 100 سے زیادہ فوجی زخمی و ہلاک۔ |
| 19-05-65 | بھارت نے کرگل کے قریب گلنارہ میں سرحدی معاہدے کی خلاف ورزی کی۔ |
| 29-05-65 | سچیت گڑھ جموں پر بھارتی حملہ پسپا کر دیا گیا۔ |
| 02-06-65 | چینی وزیر اعظم چواین لائی نے راولپنڈی میں صدر ایوب سے ملاقات کر کے کشمیر سمیت ایشیا کی صورتحال پر غور کیا۔ |
| 03-06-65 | مغربی پاکستان کی نئی اسمبلی کا پہلا اجلاس ہوا، جس میں 114 ارکان نے حلف اٹھایا۔ |
| 11-06-65 | دفاع وطن اور آزادی کشمیر کے لئے مجاہد فوج قائم کی گئی۔ |
| 16-06-65 | مصر کے جمال عبدالناصر نے کشمیریوں کی حق خود ارادیت کی حمایت کا اعلان کیا۔ |
| 24-06-65 | بھارت کا ایک کا جیٹ جہاز کراچی کے قریب گھیر کر اتار لیا گیا۔ |
| 29-06-65 | صدر ایوب نے اعلان کیا کہ پاک بھارت سرحد پر دونوں ملکوں کی 30 ڈویژن فوج جنگ کے لیے تیار کھڑی ہے۔ |
| 30-06-65 | صدر ایوب اور بھارتی وزیر اعظم شاستری کے درمیان رن کچھ میں جنگ بندی کا سمجھوتہ ہو گیا۔ |
| 02-07-65 | بھارتی جنگی طیارے نے پاکستان کے فضائی حدود کی خلاف ورزی کی۔ پاکستان ہائی کمشنر کا احتجاج۔ |
| 08-07-65 | رن کچھ سے دونوں ملکوں کی فوجوں کا انخلاء ہوا۔ |
| 13-07-65 | میلاد جلوس پر لاٹھی چارج 9 ہلاک 76 زخمی۔ |
| 30-07-65 | کلکتہ بھارت میں پولیس اور مظاہرین کا تصادم، پولیس فائرنگ، تعلیمی ادارے بند۔ |
| 30-07-65 | آپریشن جبرالٹر میں 660 کمانڈوز شامل ہوئے۔ ان کا کمانڈر کرنل منشا خان تھا اور مقبوضہ کشمیر کا میجر |

© rasailojaraid.com